© rasailojaraid.com

محترم عبدالحمید شہباز بستی مولویاں رحیم یار خان کے باسی تھے ۳ جنوری کو اچانک انتقال کر گئے۔ آپ مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی رہنما حضرت مولانا عبدالحق چوہان مدظلہ کے چھوٹے بھائی تھے۔ مرحوم ایک کہنہ مشق صحافی، نہایت محنتی اور انتھک انسان تھے۔ مختلف ادوار میں مختلف اخبارات میں کام کیا اپنے رسائل بھی جاری کئے۔ ان دنوں بہاولپور سے پندرہ روزہ "حقیقیت" جاری کئے ہوئے تھے۔ جوان کی محنت اور تجربہ کی وجہ سے بہت جلد علاقہ بھر میں ایک نمائندہ جریدہ بن گیا تھا۔ اللہ تعالی مرحوم کی سیآت سے درگزر فرمائیں اور حسنات قبول فرمائیں، آمین۔

حضرت مولانا عبدالحق مدظلہ اپنے پیارے بھائی کی جدائی سے بہت ہی مغموم ہیں اللہ تعالی انہیں صبر عطا فرمائیں آمین۔

## صوفی محمد امین مرحوم

صوفی محمد امین کا شمار فیصل آباد کے اہم سیاسی کارکنوں میں ہوتا تھا۔ ان کے مرحوم والد مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ محمد امین نے بڑی مشقت بھری زندگی گزاری، کئی برس جیل اور قید کی نذر کئے وہ ایک بہادر سیاسی کارکن تھا۔ قطع نظر اس سے کہ اسکا تعلق پیپلز پارٹی سے تھا اس کی زندگی کی سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ ۱۹۷۴ء میں جب ربوہ میں مجلس احرار اسلام نے مسلمانوں کی سب سے پہلی جامع مسجد احرار کیلئے اراضی خریدنے کا عزم کیا تو سب سے پہلے جو شخص اس کارِ خیر میں معاون ثابت ہوا وہ محمد امین تھا۔

فاتح ربوہ ابنِ امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری کے شانہ بشانہ مسجد کی زمین کی خریداری کیلئے مسلمانوں سے چندہ اکٹھا کر کے ابتدائی مرحلہ آسان کر دیا۔ اب مسجد تعمیر ہو چکی ہے اور یہ محمد امین کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔

- مجلس احرارِ اسلام بستی اسلام آباد (رحیم یار خان) کے رکن محترم الٰہی بخش ارائیں ۲۹ دسمبر کو ایک حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔
- خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف کے مدرسہ کے استاد اور ادارہ کے بہت ہی مخلص معاون مولانا محمد قاسم صاحب کی بیٹی رحلت کر گئیں۔
- مجلس احرارِ اسلام تلہ گنگ کے قدیم کارکن محترم غلام ربانی صاحب کی ہمشیرہ اور ادارہ نقیب کے قلمی معاون جناب محمد عمر فاروق صاحب کی خالہ گذشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔
- مجلس احرارِ اسلام چکڑالہ کے معاون محترم ڈاکٹر محمد لطیف صاحب کی والدہ ماجدہ اور بیٹا وفات پا گئے۔
- چکڑالہ ہی میں احرار کارکن محترم ڈاکٹر ملک احمد شیر کے چچا انتقال کر گئے۔
- مجلس احرار اسلام حلقہ گلبرگ لاہور کے صدر محترم حکیم محمد انور مجاہد کے چچا محترم حاجی خدا بخش ۱۵ دسمبر کو اوکاڑہ میں انتقال کر گئے۔ مرحوم تحریکِ ختم نبوت کے پُرجوش کارکن تھے۔ ان کے بڑے بھائی مولوی اللہ بخش مرحوم احرار کے ایثار پیشہ کارکن تھے اور حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ سے بے پناہ محبت کرتے تھے۔ مرحوم حاجی خدا بخش ان دنوں ایک ملٹری فارم میں ملازم تھے۔
- مجلس احرارِ اسلام اوکاڑہ کے معاون محترم شیخ محمد صدیق صاحب بھی گذشتہ دنوں انتقال کر گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے آمین!
قارئین اپنی دعاؤں میں مرحومین کی مغفرت و بخشش کا خاص اہتمام فرمائیں اور ایصال ثواب کی سعادت بھی حاصل کریں۔ ادارہ کے تمام اراکین لواحقین کے غم میں شریک ہیں۔

## نئے شناختی کارڈ اور مرزائیوں کی آئین سے بغاوت

حکومت ان دنوں کمپیوٹر سسٹم کے ذریعہ نئے شناختی کارڈ بنا رہی ہے۔ مرزائی پاکستان کے آئین کے تحت غیر مسلم اقلیت ہیں۔ لیکن شناختی کارڈ میں وہ اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر رہے ہیں۔ مجلس عمل تحفظ ختم نبوت پاکستان کے امیر حضرت مولانا خان محمد مدظلہ نے آل پارٹیز مجلس عمل کے ذریعہ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ شناختی کارڈ میں مذہب کے خانہ کا اندراج کیا جائے اور مرزائیوں کے اس دھوکہ دہی کے قدیمی کاروبار کو روکا جائے۔ مجلس احرارِ اسلام کی تمام شاخیں اس مطالبہ کو پوری شدت کے ساتھ حکومت تک پہنچائیں اور اس کیلئے تمام عملی وسائل بروئے کار لائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ انفرادی اور اجتماعی طور پر اس سازش کو ناکام بنانے کیلئے احرار کی عملی جدوجہد میں شریک ہوں۔




جانشینِ امیرِ شریعت سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری مدظلہٗ کی گذشتہ پچیس برسوں میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور سیرت ازواج و اصحابِ رسول علیہم الرضوان کے موضوع پر ہونے والی تقاریر کی جلد اوّل

**طلوعِ سحر** کے نام سے معاویہ پبلیکیشنز کے زیرِ اہتمام شائع ہو گئی ہے، خوبصورت ٹائیٹل اور کمپیوٹر کتابت سے مزیّن۔

۵۲۸ صفحات سیرت و تاریخ کے اہم موضوعات پر سیر حاصل خطبات۔

علماء، طلباء اور عامۃ الناس کے لئے یکساں افادیت کی حامل ایک بیش قیمت دینی پیش کش۔

قیمت: ۱۸۰ روپے

ملنے کے لئے:
معاویہ پبلیکیشنز، ۲۲۲ کوٹ تغلق شاہ ملتان۔
بخاری اکیڈمی، دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان

© rasailojaraid.com